سہ ماہی رپورٹ

مارچ 2026ء

وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ





جیسا کہ وافی انرجی پاکستان مشترکہ مہارت اور امنگ کے سفر پر گامزن ہے، ہم
ایک بہترین مستقبل کی تشکیل کے لیے پر عزم ہیں۔

کمپنی کی
معلومات

بورڈ آف ڈائریکٹر

غسان العامودی (چیئرپرسن)
زبیر شیخ
جاوید اختر
ہنس کرسٹوف بوش
پرویز غیاث
عمران آر ابراہیم
ڈاکٹر عائشہ خان
ظفر اے خان
عامر آر پراچہ
بدرالدین ایف ویلانی
کائی اوئی وٹرسٹین

چیف ایگزیکٹو

زبیر شیخ

آڈٹ کمیٹی

عمران آر ابراہیم (چیئرپرسن)
جاوید اختر
بدرالدین ایف ویلانی
ہنس کرسٹوف بوش

کمیٹی برائے افرادی وسائل و معاوضے

ظفر اے خان (چیئرپرسن)
پرویز غیاث
زبیر شیخ
کائی اوئی وٹرسٹین
ڈاکٹر عائشہ خان

کمپنی سیکرٹری

لالہ رخ حسین-شیخ

رجسٹرڈ دفتر

شیل ہاؤس، 6 چوہدری خلیق الزمان
روڈ، کراچی 75530 پاکستان

آڈیٹرز

ای وائے فورڈ رہوڈز

لیگل ایڈوائزرز

ویلانی اینڈ ویلانی، ایڈووکیٹس اینڈ سالیسیٹرز

رجسٹرار اور شیئر رجسٹریشن دفتر

فیمکو ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ

8 ایف، ہوٹل فاران سے متصل، نرسری،
بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس
شاہراہِ فیصل
کراچی-75400

ڈائریکٹرز کی رپورٹ

31 مارچ 2026ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے

عزیز شیئر ہولڈرز

کمپنی کے ڈائریکٹران 31 مارچ 2026ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے غیر آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے ساتھ اپنی سالانہ رپورٹ پیش کرتے ہیں۔

انتظامی امور، مارکیٹنگ اور تقسیم کاری کے اخراجات، مالی اور دیگر واجبات کی ادائیگی کے بعد 31 مارچ 2026ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے نفع درج ذیل تھا:

	روپے ملین میں
نفع قبل از ٹیکس	**5,574**
ٹیکس	(3,410)
31 مارچ 2026ء کو ختم ہونے والی مدت کا خالص نفع	**2,164**
	روپے
نفع فی شیئر–بنیادی اور سیال (diluted)	**10.1**

ذخائر کی کارروائی (موومنٹ) اور تصرفات ان مالی گوشواروں کے 08 پر ایکویٹی میں تبدیلیوں کے بیان میں ظاہر کیے گئے ہیں۔

کاروبار کی کارکردگی

پاکستان کی معیشت میں پہلی سہ ماہی کے آغاز میں استحکام دکھائی دیا، تاہم مارچ کے دوران مہنگائی میں اضافہ ہوا اور صارف اشاریہ قیمت (سی پی آئی) کی شرح 5.8 فیصد سے بڑھ کر 7.3 فیصد ہو گئی۔ اس اضافے کی بڑی وجہ خلیج میں جاری تنازع اور اس کے باعث فیول کی سپلائی میں پیدا ہونے والی رکاوٹیں تھیں، جبکہ بنیادی مہنگائی بھی تقریباً 7.4 فیصد کی بلند سطح پر برقرار رہی۔

پہلی سہ ماہی 2026ء کے دوران شرحِ مبادلہ مجموعی طور پر مستحکم رہی۔ اس سہ ماہی میں پاکستانی روپے کی اوسط شرحِ مبادلہ تقریباً 279 تا 280 روپے فی امریکی ڈالر رہی، جس سے شرحِ مبادلہ میں معمولی اتار چڑھاؤ ظاہر ہوتا ہے۔ اس طرح شرحِ مبادلہ میں نسبتاً استحکام کا رجحان برقرار رہا اور اس کی ٹریڈنگ کی حد بھی محدود رہی۔

کمپنی مسلسل ایک مشکل کُلی معاشی (میکرو اکنامک) صورتِ حال میں کام کر رہی ہے، جس پر حالیہ جاری جغرافیائی و سیاسی تنازعات کے باعث دباؤ ہے۔ ان تنازعات نے رسدی زنجیروں) سپلائی چینز) میں خلل ڈالا ہے اور خام مال اور توانائی کی لاگت میں اضافہ کیا ہے۔ اس صورتِ حال کے پیشِ نظر، مینجمنٹ لاگت پر قابو پانے، جاری سرمائے (ورکنگ کیپٹل) کے مؤثر استعمال اور نقد رقوم کے مؤثر انتظام پر توجہ دے رہی ہے، جبکہ منافع کے مارجن کو برقرار رکھنے کے لیے قیمتوں کے تعین اور خریداری کے عمل کا فعال طور پر منظم بھی کر رہی ہے۔ بورڈ اور مینجمنٹ ممکنہ معاشی اور جغرافیائی و سیاسی خطرات سے نمٹنے کے لیے مختلف منظرناموں کی بنیاد پر مسلسل منصوبہ بندی کر رہے ہیں تاکہ کسی بھی نوعیت کی ممکنہ صورتِ حال کے لیے پیشگی تیاری یقینی بنائی جا سکے۔

قلیل مدتی غیر یقینی صورتِ حال کے باوجود، کمپنی محتاط طور پر پُر امید ہے اور مالی نظم و ضبط، آپریشنل کارکردگی اور طویل مدتی پائیدار ترقی کے لیے پُر عزم ہے۔
اس پس منظر میں، کمپنی نے 31 مارچ 2026ء کو ختم ہونے والی سہ ماہی کے لیے 2,164 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع حاصل کیا۔ اس کارکردگی کو تمام کاروباری شعبوں میں مسلسل نمو، سپلائی چین کے مؤثر انتظام، لاگت پر باضابطہ کنٹرول اور آپریشنل چیلنجز کو کم کرنے کے لیے بروقت اقدامات سے تقویت ملی۔ عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی بے یقینی اور امریکہ و ایران کشیدگی کے باعث فیول کی بلند قیمتوں کے سبب انوینٹری (ذخیرے) کے فوائد نے بھی نفع آوری کو مزید سہارا دیا۔

لبریکنٹس

لبریکنٹس کے کاروبار نے مالی سال 2025ء میں قائم کیے گئے مؤثر عملی اقدامات پر مبنی پلیٹ فارم میں پیش رفت کرتے ہوئے، مالی سال 2026ء کی پہلی سہ ماہی میں بھی اپنی مضبوط رفتار برقرار رکھی اور صارفین اور صنعتی، دونوں شعبوں میں وسیع البنیاد نمو حاصل کی۔ صارفین کے شعبے میں، برانڈ کی مؤثر تشہیری سرگرمیوں کے نتیجے میں ہیلکس، ریمولا اور ایڈوانس کی مصنوعات نے مارکیٹ میں مضبوط کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

ہیلکس کی "نیکسٹ لیول ریوارڈز" مہم نے درجہ وار ترغیبات، جن میں فارمولا ون کا تجربہ حاصل کرنے کا موقع بھی شامل تھا، کے ذریعے صارفین کی شمولیت اور برانڈ کی ساکھ کو تقویت دی۔ ریمولا کی '# انجن کو دے ایکسٹرا دم' مہم نے مصنوعی ذہانت پر مبنی کمیونی کیشن کو بروئے کار لاتے ہوئے مارکیٹ میں اس کی پوزیشن مزید مستحکم کی، جبکہ ایڈوانس نے اپنی "کیش پر ائزاِن سائیڈ دی کیپ" تشہیری مہم کے ذریعے مستحکم رفتار برقرار رکھی، جس سے تجارتی حلقوں اور صارفین، دونوں کی طلب میں اضافہ ہوا۔

صنعتی لبریکنٹس کے کاروبار نے مالی سال 2026ء کی پہلی سہ ماہی میں اب تک کی اپنی بہترین سہ ماہی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک نیا نشانیہ (بنچ مارک) قائم کیا اور آئندہ سال کے لیے زبردست بنیاد فراہم کی۔ کلیدی شعبوں میں وسیع البنیاد نمو دیکھنے میں آئی، جس میں او ای ایم (OEM) کے چینل میں نمایاں توسیع، فلیٹ (fleet) اور بالواسطہ چینلز میں مسلسل مضبوط کارکردگی اور کان کنی کے شعبے میں مزید رسائی شامل ہے۔ اس سہ ماہی کا ایک اہم سنگِ میل پاکستان کے ایک نمایاں گاڑی ساز ادارے کے ساتھ کاروبار کا کامیاب آغاز تھا، جس کے ذریعے کاروبار نے بعد از فروخت لبریکنٹس کے زمرے میں قدم رکھا اور ترقی کے ایک اہم نئے راستے کا آغاز کیا۔ کان کنی کے شعبے میں نئے معاہدوں کے حصول اور طویل مدتی معاہدوں کی تجدید کے ذریعے قیادت کو مزید مستحکم کیا گیا، جس سے اس اہم اور بلند قدر کے حامل زمرے میں کاروبار کی تزویراتی (اسٹریٹجک) اہمیت برقرار رہی۔

مجموعی طور پر، لبریکنٹس کے کاروبار نے مالی سال 2026ء کا آغاز مضبوط بنیاد پر کیا، دونوں زمروں میں کمرشل برتری اور آپریشنل نظم وضبط کا مظاہرہ کیا اور مارکیٹ میں اپنی مسابقتی حیثیت کو مزید مستحکم کیا۔

موبیلٹی

موبیلٹی کے کاروبار نے کمپنی کی ترقیاتی حکمتِ عملی کے مطابق اپنے نیٹ ورک کی توسیع میں سرمایہ کاری کی۔ پاکستان بھر میں 18 نئی ریٹیل سائٹس کا اضافہ کیا گیا، چار سائٹس کو کمپنی کے زیرِ انتظام ماڈل میں منتقل کیا گیا، جبکہ صارفین کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے چھ سائٹس کو اپ گریڈ کیا گیا۔ سہ ماہی کے دوران چھ نئے شیل سلیکٹ سہولت اسٹورز بھی قائم کیے گئے، جس سے ملک بھر میں فیول کے علاوہ دیگر ریٹیل مصنوعات اور خدمات کے نیٹ ورک کو وسعت ملی۔

شراکت داروں کے ساتھ مضبوط روابط کا قیام ترجیح رہا۔ ٹیم نے ریٹیلرز انگیجمنٹ ڈے کا کامیابی کے ساتھ انعقاد کیا، جس میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ڈیلرز کو سیجا کیا گیا اور آپریشنل امور اور کارکردگی میں عمدگی کا مظاہرہ کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

نان فیول موبیلٹی کے شعبے میں مقامی سطح پر اقدامات کے ذریعے پیشکشوں (آفرز) میں تنوع لانے کا سلسلہ جاری رہا۔ رمضان کے دوران، منتخب سائٹس پر فوڈ کارٹس متعارف کرائی گئیں تاکہ افطار کی سہولیات فراہم کر کے صارفین کے تجربے کو بہتر بنایا جاسکے۔ معروف برانڈز کے ساتھ تزویراتی شراکت داریوں کو مزید مستحکم کیا گیا، جس سے عید کے دوران ہدفی (ٹارگٹڈ) تشہیری سرگرمیوں کے ذریعے صارفین کو فراہم کی جانے والی سہولتوں اور فوائد میں اضافہ کیا گیا۔

ماحولیات، سماج اور نظم ونسق

کمپنی کو 15 ویں انٹرنیشنل سی ایس آر سمٹ اینڈ ایوارڈز 2026ء میں راولپنڈی میں واقع اپنے شیل ریٹیل اسٹیشن کی تعمیر کے لیے سرکلر اکانومی ایوارڈ سے نوازا گیا، جس میں ری سائیکل شدہ پلاسٹک استعمال کیا گیا ہے۔ یہ اعزاز کمپنی کے ریٹیل نیٹ ورک میں سرکلر اکانومی کے اصولوں کو اپنانے اور تعمیراتی سرگرمیوں میں ذمہ دارانہ طریقہ ہائے کار کو فروغ دینے کے لیے اس کے مسلسل عزم کا عکاس ہے۔

لیٹن رحمت اللہ بنی وولنٹ ٹرسٹ (ایل آر بی ٹی) کے اشتراک سے، کمپنی نے اپنے ریٹیلرز اور مکینکوں کے لیے آنکھوں کے معائنے کا ایک کیمپ کا انتظام کیا، جس میں ریٹیلر برادری میں آنکھوں کی صحت کے فروغ کے لیے مفت معائنے کی سہولت فراہم کی گئی۔ ماہرینِ امراضِ چشم اور معاون عملے کی ایک مخصوص ٹیم نے آنکھوں کے تفصیلی معائنے کیے اور آنکھوں کی عام بیماریوں کے لیے

مفت ادویات فراہم کیں۔ مزید علاج کے متقاضی مریضوں کو ایل آر بی ٹی کے قریبی اسپتال میں بھیج دیا گیا۔

تعمیر ٹرسٹ نے این آئی سی کراچی و حیدرآباد، جامعہ کراچی، داؤد یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، ٹائم انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ اینڈ انٹرپری نیورشپ اور جناح ویمن یونیورسٹی کے اشتراک سے منعقدہ کاروباری صلاحیتوں کے فروغ کی ورکشاپس کے ذریعے تقریباً100 نوجوانوں کو تربیت فراہم کی اور ان کی شمولیت کو یقینی بنایا۔ تعمیر ٹرسٹ معیاری تربیت، رہنمائی اور نئے ابھرتے ہوئے کاروباری منصوبوں کی جانچ کے ذریعے کاروباری ماحول کو مضبوط بنانے میں بدستور کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔

ایچ ایس ایس ای

مالی سال2026ء کی پہلی سہ ماہی میں صحت، تحفظ، سلامتی اور ماحولیات (ایچ ایس ایس ای) کے حوالے سے کارکردگی کارکردگی میں اس عزم کو برقرار رکھا گیا کہ کاروبار کے تمام شعبوں میں حفاظت کو ایک بنیادی عملی اصول کے طور پر ترجیح دی جائے۔ اس سہ ماہی میں رمضان اور عید کے دوران موسمی خطرات کے انتظام، ڈرائیونگ کے دوران حفاظت اور تھکاوٹ کے انتظام، نیز دفتری ملازمین کے لیے مخصوص آگاہی پروگراموں پر توجہ مرکوز کی گئی۔

ٹرمینلز اور بلک اسٹوریج کے آپریشنز میں فرضی ہنگامی مشقوں (موک ڈرلز) اور باہمی امداد کی مشقوں کے ذریعے ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تیاری کو مزید مؤثر بنایا گیا۔ ان مشقوں کا مقصد ہنگامی صورتحال میں فوری ردِعمل دینے کی صلاحیت اور بیرونی متعلقہ اداروں کے ساتھ باہمی رابطے اور ہم آہنگی کو جانچنا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ، ادارے میں خبردار رہنے اور حفاظتی شعور کو مزید مستحکم کرنے کے لیے کارپوریٹ سکیورٹی سے متعلق آگاہی کے اقدامات بھی کیے گئے۔

مجموعی طور پر، اس سہ ماہی میں ایچ ایس ایس ای کو بنیادی قدر کے طور پر راسخ کرنے کی جانب مسلسل پیش رفت دیکھنے میں آئی، جس میں آپریشنز کے تمام شعبوں میں خطرات کے پیشگی انتظام، حفاظتی اقدامات کی اثر انگیزی کو یقینی بنانے اور ہنگامی حالات سے نمٹنے کی صلاحیت کو مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔

بورڈ کی ہیئتِ ترکیبی

ڈائریکٹرز کی تعداد	مرد10	خواتین01
خود مختار ڈائریکٹر	05	
نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر	05	
ایگزیکٹو ڈائریکٹر	01	

جذبے، مستقل معاونت اور کمپنی پر اعتماد کے لیے ہم اپنے شیئر ہولڈرز، کسٹمرز، عملے اور دیگر فریقوں کے شکر گزار ہیں، اور ہم پاکستان کی سب سے بڑی انرجی کمپنی بننے کا اپنا سفر جاری رکھیں گے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

غسان العامودی
چیئرپرسن

زبیر شیخ
چیف ایگزیکٹو

کراچی:29اپریل2026ء

مالی صورتِ حال

کا جامع عبوری بیان

بمطابق 31 مارچ 2026ء

	نوٹ	غیر آڈٹ شدہ 31 مارچ 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
		(ہزار روپے)	
اثاثے			
غیر حالیہ اثاثے			
جائیداد، پلانٹ اور آلات	5	25,963,904	25,824,299
حقِ استعمال کے اثاثے		9,733,297	9,768,470
غیر مادی اثاثے		2,875,257	3,067,332
طویل مدتی سرمایہ کاریاں	6	6,372,000	5,976,066
طویل مدتی قرضے		14,696	24,981
طویل مدتی ڈیازٹس اور پیشگی ادائیگیاں		152,390	142,240
		45,111,544	44,803,388
جاری اثاثے			
زیرِ تجارت اسٹاک	7	66,133,990	45,090,268
تجارتی قرضے		10,426,904	9,847,773
قرضے اور ایڈوانسز		331,503	271,854
قلیل مدتی ڈیازٹس اور پیشگی ادائیگیاں		533,142	370,823
دیگر واجبات	8	10,674,633	4,134,786
قلیل مدتی سرمایہ کاریاں		8,000,000	2,675,828
بینک بیلنس	9	12,489,852	9,336,963
		108,590,024	71,728,295
		153,701,568	116,531,683
مجموعی اثاثے			
ایکویٹی اور واجبات			
ایکویٹی			
مجاز سرمایہ حصص			
300,000,000 عام حصص (31 دسمبر 2025ء: 300,000,000)، ہر حصص کی مالیت 10 روپے ہے۔		3,000,000	3,000,000
جاری کردہ، سبسکرائب شدہ اور اداشدہ سرمایہ حصص			
214,024,662 عام حصص (31 دسمبر 2025ء: 214,024,662)، ہر حصص کی مالیت 10 روپے ہے۔		2,140,246	2,140,246
پریمیم حصص		11,991,012	11,991,012
عمومی ذخائر		207,002	207,002
غیر مختص نفع		12,495,584	11,187,284
بعد استعمال نوپیمائش فوائد – حقیقی نقصان		(707,155)	(707,155)
دیگر جامع آمدنی کے ذریعے عرفی مالیت [FVOCI] کے طور پر درجہ بند ایکویٹی سرمایہ کاری کی نوپیمائش پر غیر حصولی نقصان		(5,000)	(5,000)
		26,121,689	24,813,389
واجبات			
غیر حالیہ واجبات			
اثاثوں کی واپسی کی ذمہ داری		427,277	419,896
طویل مدتی تموین		2,325,317	2,390,052
طویل مدتی اجارہ واجبات		10,798,529	10,605,608
طویل مدتی واجبات		2,093,027	2,064,690
مؤخر ٹیکس – خالص		175,394	382,885
بعد از ریٹائرمنٹ طبی فوائد کی فراہمی		213,352	207,417
		16,032,896	16,070,548
حالیہ واجبات			
تجارتی و دیگر واجب الادا	10	103,113,080	69,890,438
صارفین کی جانب سے وصول کردہ ایڈوانسز (معاہداتی واجبات)		1,383,064	2,209,862
غیر اداشدہ منافع منقسمہ		868,302	25,500
بے دعویٰ منافع منقسمہ		233,628	233,628
ٹیکس – خالص		4,557,124	1,848,295
اثاثے کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کا حالیہ حصہ		37,375	37,375
طویل مدتی تموین کا حالیہ حصہ		927,916	927,916
طویل مدتی اجارہ واجبات کا حالیہ حصہ		426,494	474,732
		111,546,983	75,647,746
اتفاقی مصارف و معاہدے	11		
مجموعی ایکویٹی اور واجبات		153,701,568	116,531,683

منسلک نوٹس 1 تا 17 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

عمران آر ابراہیم ڈائریکٹر	زبیر شیخ چیف ایگزیکٹو	ضرار حمود چیف فنانشل آفیسر

جامع آمدنی (غیر آڈٹ شدہ)

نفع و نقصان و دیگر کا جامع عبوری بیان

بمطابق 31 مارچ 2026ء

	نوٹ	اختتام سہ ماہی 31 مارچ 2026ء	31 مارچ 2025ء
		(ہزار روپے)	
سیلز		136,725,465	101,298,292
دیگر محاصل		423,371	293,766
		137,148,836	101,592,058
سیلز ٹیکس		(2,576,372)	(2,166,723)
خالص محاصل		134,572,464	99,425,335
فروخت شدہ مصنوعات کی لاگت		(122,193,303)	(93,139,082)
مجموعی نفع		12,379,161	6,286,253
تقسیم کاری اور مارکیٹنگ کے اخراجات		(2,658,320)	(2,344,829)
انتظامی اخراجات		(3,023,835)	(2,708,681)
دیگر اخراجات		(1,450,216)	(481,485)
دیگر آمدنی		415,605	860,066
آپریٹنگ نفع		5,662,395	1,611,324
مالی لاگتیں		(484,627)	(601,327)
		5,177,768	1,009,997
معاون کے منافع کا حصہ - خالص ٹیکس		395,934	566,450
قبل از ٹیکس نفع اور کم از کم ٹیکس تفرق		5,573,702	1,576,447
حتمی ٹیکس			(26,455)
کم از کم ٹیکس تفرق			(97,331)
			(123,786)
نفع قبل از ٹیکس		5,573,702	1,452,661
انکم ٹیکس		(3,617,551)	(402,742)
حالیہ		208,248	(177,209)
مؤخر		(3,409,303)	(579,951)
نفع / (نقصان) بعد از ٹیکس		2,164,399	872,710
دیگر مجموعی آمدنی		-	
مجموعی آمدنی / (نقصان) فی حصہ		2,164,399	872,710
آمدنی فی حصص - بنیادی اور سیال		10.11	4.08

منسلک نوٹس 1 تا 17 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

ضرار محمود	**زبیر شیخ**	**عمران آر ابراہیم**
چیف فنانشل آفیسر	چیف ایگزیکٹو	ڈائریکٹر

ایکویٹی میں تبدیلیاں (غیر آڈٹ شدہ)

جامع عبوری بیان

بمطابق 31 مارچ 2026ء

	محفوظ سرمایہ		محفوظ حاصل			سرمایہ کاریوں کی نوقد رپیمائی پر غیر حصولی (نقصان)	کل
	سرمایہ حصص	پریمیم حصص	عمومی ذخائر	مجموعی (نقصان)/ غیر مختص نفع	بعد استعمال منافع پر حقیقی نقصان		
	---------- (ہزار روپے) ----------						
31 دسمبر 2024ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ)	**2,140,246**	**11,991,012**	**207,002**	**9,365,478**	**(641,179)**	**(5,000)**	**23,057,559**
نفع بعد از ٹیکس	-	-	-	872,710	-	-	872,710
مدت کے لیے دیگر جامع آمدنی–خالص ٹیکس	-	-	-	-	-	-	-
مدت کے لیے مجموعی جامع آمدنی	-	-	-	872,710	-	-	872,710
31 دسمبر 2024ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے حتمی نقد منافع منقسمہ، فی شیئر 5 روپے				(1,070,123)			(1,070,123)
31 مارچ 2025ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ)	**2,140,246**	**11,991,012**	**207,002**	**9,168,065**	**(641,179)**	**(5,000)**	**22,860,146**
31 دسمبر 2025ء پر بیلنس (آڈٹ شدہ)	**2,140,246**	**11,991,012**	**207,002**	**11,187,284**	**(707,155)**	**(5,000)**	**24,813,389**
نفع بعد از ٹیکس	-	-	-	2,164,399	-	-	2,164,399
مدت کے لیے دیگر جامع آمدنی / (نقصان)–خالص ٹیکس	-	-	-	-	-	-	-
مدت کے لیے مجموعی جامع آمدنی	-	-	-	2,164,399	-	-	2,164,399
31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے حتمی نقد منافع منقسمہ، فی شیئر 5 روپے	-	-	-	(856,099)	-	-	(856,099)
31 مارچ 2026ء پر بیلنس (غیر آڈٹ شدہ)	**2,140,246**	**11,991,012**	**207,002**	**12,495,584**	**707,155)**	**(5,000)**	**26,121,689**

منسلک نوٹس 1 تا 17 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

عمران آر ابراہیم
ڈائریکٹر

زبیر شیخ
چیف ایگزیکٹو

ضرار محمود
چیف فنانشل آفیسر

رقوم کے بہاؤ (غیر آڈٹ شدہ)

جامع عبوری بیان

بمطابق 31 مارچ 2026ء

	نوٹ	اختتام سہ ماہی 31 مارچ 2026ء	31 مارچ 2025ء
		(ہزار روپے)	
آپریٹنگ سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
آپریشنز سے حاصل ہونے والی رقوم	12	10,408,073	623,589
اداشدہ مالی لاگتیں		-	(744)
اجارہ واجبات کا اداشدہ سودی حصہ		(379,853)	(278,553)
اداشدہ انکم ٹیکس		(907,965)	(547,941)
طویل مدتی قرضے		10,285	4,861
طویل مدتی ڈپازٹس اور پیشگی ادائیگیاں		(10,150)	11,974
طویل مدتی تموین پر ادائیگیاں		(64,734)	
آپریٹنگ سرگرمیوں میں (مستعمل) / حاصل شدہ خالص رقوم		9,055,656	(186,814)
سرمایہ کاری سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
معین سرمایہ جاتی اخراجات		(948,037)	(363,219)
املاک، پلانٹ اور آلات کے تلف کیے جانے سے حاصل ہونے والی وصولیاں		33,657	16,394
اوپن اینڈڈ میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کا اخراج		-	5,526,669
ٹرم ڈپازٹ کی وصولیوں اور سیونگ اکاؤنٹس سے حاصل ہونے والا سود		416,504	293,408
ٹریژری بل پر سود		22,725	-
سرمایہ کاری سرگرمیوں میں (مستعمل) / حاصل شدہ خالص رقوم		(475,151)	5,473,252
فنانسنگ کی سرگرمیوں سے رقوم کے بہاؤ			
اجارہ واجبات کا اداشدہ زرِ اصل		(90,147)	(177,106)
اداشدہ مقسومے		(13,297)	(1,023)
فنانسنگ سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی خالص رقوم		(103,444)	(178,129)
رقم اور رقم کے مساوی اشیا میں خالص اضافہ		8,477,061	5,108,309
مدت کے آغاز پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا		12,012,791	9,870,424
مدت کے اختتام پر رقم اور رقم کے مساوی اشیا	12.2	20,489,852	14,978,733

منسلک نوٹس 1 تا 17 ان مالی گوشواروں کا لازمی حصہ تشکیل دیتے ہیں۔

ضرار محمود	زبیر شیخ	عمران آر ابراہیم
چیف فنانشل آفیسر	چیف ایگزیکٹو	ڈائریکٹر

مالی گوشوارے (غیر آڈٹ شدہ)

جامع عبوری کے نوٹس

31مارچ2026ء کو اختتام پذیر ہونے والی سہ ماہی کے لیے

1 کمپنی اور اس کے آپریشنز

1.1 وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ ("کمپنی") ایک محدود واجبہ کمپنی ہے جو متروک کمپنیز ایکٹ، 7 برائے 1913 (اب کمپنیز ایکٹ 1917ء) (ایکٹ) کے تحت 28 جون 1969 کو پاکستان میں قائم کی گئی اور جو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ ہے۔ کمپنی وافی انرجی ہولڈنگ لمیٹڈ (پیرنٹ کمپنی) کی ذیلی کمپنی ہے۔

1.2 کمپنی پٹرولیم مصنوعات اور کمپریسڈ قدرتی گیس کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ یہ لبریکینٹ آئلز کی مختلف اقسام کی تیاری و مارکیٹنگ بھی کرتی ہے۔ کمپنی کا رجسٹرڈ دفتر شیل ہاؤس، 6، چوہدری خلیق الزمان روڈ، کراچی، پاکستان پر واقع ہے۔

2 آپریشنز کی بنیادیں

2.1 یہ جامع عبوری مالی گوشوارے ان اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات کے مطابق تیار کیے گئے ہیں جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے۔ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات جیسا کہ عبوری مالی رپورٹنگ کے لیے ان کا پاکستان میں اطلاق ہے، درج ذیل ہیں:

- بین الاقوامی اکاؤنٹنگ معیار 34 (IAS)، "عبوری مالی رپورٹنگ"، جو کہ انٹرنیشنل اکاؤنٹنگ اسٹینڈرڈز بورڈ (IASB) کی جانب سے جاری کردہ اور ایکٹ کے تحت مشتہر کیا گیا تھا؛ اور
- ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے اور شرائط

جہاں کہیں ایکٹ کے تحت جاری کردہ ہدایت نامے کی شرائط IAS 34 کے تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں تھیں، وہاں ایکٹ کے ہدایت نامے کی شرائط پر عمل کیا گیا ہے۔

یہ جامع عبوری مالی بیانات، جو کہ کمپنی کے لیے سہ ماہی اختتام 31 مارچ 2026ء تک کے لیے تیار کیے گئے ہیں، اور غیر آڈٹ شدہ ہیں۔

2.2 ان کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات میں وہ تمام معلومات اور انکشافات شامل نہیں ہیں جو سالانہ مالی بیانات کے لیے درکار ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ مالی بیانات کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔

2.3 یہ کنڈینسڈ عبوری مالی بیانات ایکٹ کے سیکشن 237 اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ضوابط کے مطابق شیئر ہولڈرز کو جمع کروائے جا رہے ہیں۔

3 اکاؤنٹنگ پالیسی کی اہم معلومات

3.1 ان جامع مالی بیانات کی تیاری میں استعمال کیے گئے اکاؤنٹنگ پالیسیاں اور حسابی طریقہ کار وہی ہیں جن کا اطلاق 31 دسمبر 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی بیانات کی تیاری میں کیا گیا تھا، سوائے موجودہ اکاؤنٹنگ اور رپورٹنگ کے معیارات میں بعض ترامیم کے، جو یکم جنوری 2026ء یا اس کے بعد شروع ہونے والے اکاؤنٹنگ ادوار کے لیے کمپنی پر لاگو ہوئی ہیں۔ ان ترامیم کو یا تو کمپنی کے لیے غیر متعلقہ سمجھا گیا ہے یا ان کے کوئی نمایاں اثرات مرتب نہیں ہوتے؛ لہٰذا، ان کی تفصیلات ان جامع عبوری مالیاتی بیانات میں شامل نہیں کی گئی ہیں۔

3.2 کمپنی نے کسی ایسے معیار، تشریح یا ترمیم کو قبل از وقت اختیار نہیں کیا ہے جو ابھی تک نافذ العمل نہیں ہوئی۔

3.3 کمپنی سال کے اختتام پر سالانہ حقیقی قیمت بندی کے طریقے پر عمل کرتی ہے۔ لہٰذا، بعد ملازمت فوائد کے منصوبوں کی از سر نو پیمائش کے اثرات کو ان جامع عبوری مالی بیانات میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

4 اکاؤنٹنگ کے نمایاں تخمینے، مفروضات اور فیصلے

4.1 ان جامع عبوری مالی بیانات کی تیاری منظور شدہ اکاؤنٹنگ معیارات کے مطابق کی گئی ہے، جن کے تحت بعض اہم اکاؤنٹنگ تخمینوں اور مفروضوں کا استعمال ضروری ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ، کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیوں کے اطلاق کے عمل میں مینجمنٹ کو اپنے صوابدیدی فیصلے بھی استعمال کرنا ہوتے ہیں۔ تخمینوں، مفروضوں اور فیصلوں کا مسلسل جائزہ لیا جاتا ہے، اور یہ سابقہ تجربات اور دیگر عوامل پر مبنی ہوتے ہیں، جن میں مستقبل کے واقعات سے متعلق توقعات بھی شامل ہیں، جنہیں موجودہ حالات میں معقول سمجھا جاتا ہے۔ تاہم، حقیقی نتائج ان تخمینوں سے مختلف ہو سکتے ہیں۔

4.2 ان جامع عبوری مالی بیانات کی تیاری کے دوران، کمپنی کی اکاؤنٹنگ پالیسیوں کے اطلاق میں مینجمنٹ کی جانب سے کیے گئے اہم فیصلے اور تخمینوں میں غیر یقینی صورت حال کے بنیادی ذرائع وہی تھے جو 31 دسمبر 2025ء کو ختم ہونے والے سال کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی بیانات کی تیاری میں استعمال کیے گئے تھے۔

		نوٹ	غیر آڈٹ شدہ 31مارچ2026ء	آڈٹ شدہ 31دسمبر2025ء
			----------(ہزار روپے)----------	
5	جائیداد، پلانٹ اور آلات			
	آپریٹنگ اثاثے	5.1	22,044,615	21,679,622
	آپریٹنگ اثاثوں پر ضرر کی فراہمی		(186,964)	(176,474)
			21,857,651	21,503,148
	جاری کام پر سرمایہ	5.2		
	جاری کام پر سرمائے کے لیے ضرر کی فراہمی		4,106,253	4,321,151
			4,106,253	4,321,151
			25,963,904	25,824,299

5.1 مدت / سال کے دوران آپریٹنگ اثاثوں میں ہونے والی نقل و حرکت کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

	غیر آڈٹ شدہ 31مارچ2026ء	آڈٹ شدہ 31دسمبر2025ء
ابتدائی خالص کتابی مالیت	21,503,148	19,942,659
دوران مدت / سال اثاثوں میں اضافہ / ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری کے تخمینے پر نظر ثانی	1,162,935	3,786,359
مدت / سال کے دوران فروخت شدہ یا تلف کیے گئے اثاثے — خالص کتابی مالیت	(77,006)	(49,728)
مدت / سال کے لیے فرسودگی کا خرچ	(544,462)	(2,176,142)
مدت / سال کے دوران اثاثوں کی قدر میں کمی کا خرچ	(186,964)	—
اختتامی خالص کتابی مالیت	21,857,651	21,503,148

5.1.1 آپریٹنگ اثاثوں میں اضافے، بشمول دورانِ مدت جاری کام پر سرمایے کی منتقلی درج ذیل تھیں:

	غیر آڈٹ شدہ سہ ماہی کے اختتام پر 31مارچ2026ء	31مارچ2025ء
	----------(ہزار روپے)----------	
اجارہ والی زمین پر عمارتیں	253,426	137,162
ٹینک اور پائپ لائنز	58,157	74,374
پلانٹ اور مشینری	190,338	203,176
ایئر کنڈیشننگ پلانٹ	10,217	1,985
لفٹس	8,442	2,061
تقسیم کاری پمپ	83,395	39,225
رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں	-	96,131
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات	62,481	68,808
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے	472,131	81,373
کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان	24,348	22,954
	1,162,935	727,249

5.1.2 دورانِ مدت درجِ ذیل اثاثے متروک / تلف کر دیے گئے:

	لاگت	مجموعی فرسودگی	خالص کتابی قیمت
		(ہزار روپے)	
31 مارچ 2026ء (غیر آڈٹ شدہ)			
اجارہ والی زمین پر عمارتیں	70,172	40,343	29,829
اجارہ زمین	11,288	1,507	9,780
ٹینک اور پائپ لائنز	11,846	5,551	6,295
پلانٹ اور مشینری	2,569	1,256	1,313
تقسیم کاری پمپ	15,798	6,683	9,115
ایئر کنڈیشننگ پلانٹ	179	31	148
لفٹس	221	116	105
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات	26,389	21,370	5,019
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے	22,546	7,144	15,402
کمپیوٹر اور دیگر ضروری سامان	4,666	4,666	—
	165,674	88,667	77,006
31 مارچ 2025ء (غیر آڈٹ شدہ)			
اجارہ والی زمین پر عمارتیں			—
ٹینک اور پائپ لائنز	158	158	—
پلانٹ اور مشینری	9,813	6,801	3,012
تقسیم کاری پمپ	10,098	10,098	—
رولنگ اسٹاک اور گاڑیاں	20,434	20,434	—
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات	71	71	—
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے	422	329	93
	40,996	37,891	3,105

	نوٹ	غیر آڈٹ شدہ 31 مارچ 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
		(ہزار روپے)	
5.2 جاری کام پر سرمایہ			
اجارہ والی زمین پر عمارتیں		**2,612,351**	2,345,191
ٹینک اور پائپ لائنز		**1,187,712**	1,413,025
پلانٹ اور مشینری		**354,427**	240,520
برقی، میکانکی، اور آگ بجھانے والے آلات		**72,833**	18,833
فرنیچر، دفتر کا سامان اور دیگر اثاثے		**93,828**	88,684
	5.3.1	**4,321,151**	4,106,253

5.2.1 مدت / سال کے دوران زیرِ تکمیل سرمایہ جاتی کام میں ہونے والی نقل و حرکت کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

مدت / سال کے آغاز پر بیلنس		**3,123,873**	4,321,151
مدت / سال کے دوران اضافے		**4,809,068**	948,037
مدت / سال کے دوران آپریٹنگ اثاثوں میں منتقلی		**(3,611,790)**	(1,162,935)
مدت / سال کے دوران اثاثوں کی قدر میں کمی کے لیے مختص رقم		—	—
مدت / سال کے اختتام پر بیلنس		**4,321,151**	4,106,253

6 طویل مدتی سرمایہ کاریاں

ایک غیر درج شدہ معاون پاک عرب پائپ لائن کمپنی لمیٹڈ (پیپکو) میں 26 فیصد کی سرمایہ کاری شامل ہے، جو اکاؤنٹنگ کے زیرِ ایکویٹی طریقے پر کی گئی، جس کا خلاصہ درج ذیل ہے:

	نوٹ	غیر آڈٹ شدہ 31 مارچ 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
		(ہزار روپے)	
مدت / سال کے آغاز پر بیلنس		5,976,066	5,975,703
قبل از ٹیکس منافع پر حصہ		617,488	3,210,334
ٹیکس کا حصہ		(221,554)	(1,250,390)
		395,934	1,959,944
دیگر جامع نقصان کا حصہ قبل از ٹیکس		-	(23,236)
ٹیکس کا حصہ		-	9,062
		-	(14,174)
موصول شدہ مقسومہ		-	(1,945,407)
مدت / سال کے اختتام پر بیلنس		6,372,000	5,976,066

7 زیرِ تجارت اسٹاک	نوٹ	غیر آڈٹ شدہ 31 مارچ 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
		(ہزار روپے)	
خام مال اور پیکنگ کا سامان		6,523,254	8,123,036
متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی	7.1	(58,088)	(54,751)
		6,465,166	8,068,285
تیار مصنوعات		59,700,182	37,328,389
متروک اور کم مستعمل اسٹاک کی فراہمی		(31,358)	(306,406)
		59,668,824	37,021,983
		66,133,990	45,090,268

7.1 اس میں 28,232,208 ہزار روپے مالیت کی اشیا شامل ہیں (2025ء: صفر روپے)، جن کی قدر کا تعین ان کی خالص قابلِ حصول مالیت 22,301,892 ہزار روپے (2025ء: صفر روپے) کے مطابق کیا گیا ہے۔

8 دیگر واجب الادا	غیر آڈٹ شدہ 31 مارچ 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
	(ہزار روپے)	
پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی اور دیگر ڈیوٹیاں	1,380,029	1,380,029
قیمت کے تفرق کے دعوے		
-درآمدی خریداریوں پر	295,733	295,733
-ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) پر	343,584	343,584
-درآمدی موٹر گیسولین پر	195,925	195,925
-فیول کی سپلائی پر	7,300,541	-
کسٹم ڈیوٹی پر واجبات	44,413	44,413
ملازمین کے منافعوں میں شراکت کا فنڈ	-	92,596
ایک معاون کمپنی-ہیپکو کی جانب سے واجب الادا لاگتِ خدمت	23,270	29,770
آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے واجبات	13,910	13,910
قابلِ واپسی سیلز ٹیکس	2,759,554	2,344,404
لیٹر آف کریڈٹ پر مارجن	35,850	469,163
ڈیلرز کی جانب سے واجبات	1,097,561	945,303
جمع شدہ مارک اَپ	210,930	97,497
دیگر	66,390	245,462
	13,767,690	6,497,789
ضرر پر فراہمی	(3,093,057)	(2,363,003)
	10,674,633	4,134,786

8.1 یہ رقم حکومتِ پاکستان سے دوران مدت فروخت پر قیمت کے فرق کی مد میں قابلِ وصول ہے۔

	غیر آڈٹ شدہ 31 مارچ 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
	(ہزار روپے)	
9 بینک بیلنس		
کرنٹ اکاؤنٹس	998,544	889,480
سیونگ اکاؤنٹس	8,338,419	11,600,372
	9,336,963	12,489,852

9.1 ان پر سالانہ 8.00 فیصد سے 10.40 فیصد تک شرحِ سود لاگو ہوتی ہے (2025ء: سالانہ 8.00 فیصد سے 10.90 فیصد تک)۔

	غیر آڈٹ شدہ 31 مارچ 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
	(ہزار روپے)	
10 تجارتی و دیگر واجبات		
قرض دہندگان	90,651,379	57,001,927
جمع شدہ واجبات	7,420,373	8,218,302
ضمانتی ڈپازٹس	590,051	549,918
اندرونِ ملک مال برداری کے اخراجات میں توازن کی مد	2,806,566	2,282,242
ملازمین کے بعد از ملازمت فوائد کی اسکیمیں	224,415	216,498
ورکرز ویلفیئر فنڈ	907,166	745,032
ملازمین کے منافعوں میں شراکت کا فنڈ	133,317	—
قابلِ ادائیگی سیلز ٹیکس	379,711	875,708
دیگر	102	811
	103,113,080	69,890,438

11 اتفاقی مصارف اور معاہدات

11.1 اتفاقی مصارف

اتفاقی مصارف کے حوالے سے 31 دسمبر 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے نوٹ 25.1 میں بتائی گئی صورتِ حال میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے ماسوا درج ذیل کے:

11.2 2025ء میں، ڈپٹی کمشنر ان لینڈ ریونیو (ڈی سی آئی آر) نے ٹیکس سال 2021ء کے ٹیکسوں کی نگرانی کے سلسلے میں 27 نومبر 2025ء کو ایک حکم جاری کیا، جس کے تحت کمپنی کو انوائس پر دی جانے والی رعایتوں اور تھرڈ پارٹی اخراجات، بشمول تنخواہوں، اجرتوں اور مراعات پر ود ہولڈنگ ٹیکس کٹوتی اور جمع نہ کرانے کے باعث نادہندہ قرار دیا گیا۔ اس میں ڈیفالٹ سرچارج بھی شامل تھا، اور مجموعی واجب الادا رقم 1,001,008 ہزار روپے مقرر کی گئی۔ کمپنی نے ڈی سی آئی آر کے اس حکم کے خلاف کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز) کے پاس اپیل دائر کی اور انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001ء کی دفعہ 140 کے تحت کسی بھی قسم کی وصولی کی کارروائی سے حکمِ امتناع حاصل کرنے کے لیے واجب الادا مطالبے کی 10 فیصد رقم ادا کی۔ 16 مارچ 2026ء کو، کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز) کا حکم کالعدم قرار دے دیا اور مقدمے کا فیصلہ کمپنی کے حق میں کر دیا۔

11.3 معاہدات

		غیر آڈٹ شدہ 31 مارچ 2026ء	آڈٹ شدہ 31 دسمبر 2025ء
		(ہزار روپے)	
سرمایہ جاتی اخراجات کے لیے		1,416,124	3,075,441
واجب الادا لیٹر آف کریڈٹ		46,222,659	29,960,888
واجب الادا بینک گارنٹیاں		3,124,775	3,136,902
واجب الادا بینک معاہدے		210,991	588,186
تاریخ ما قبل چیک	11.4	60,181,117	62,894,899

11.4 یہ چیکس کسٹمز ایکٹ، 1969ء کے مطابق کلکٹر آف کسٹمز، پورٹ قاسم اور کراچی پورٹ ٹرسٹ کے پاس بطور ضمانت جمع کرائے گئے ہیں، تاکہ فنانس ایکٹ، 2005ء کے تحت مطلوبہ تقاضوں کے مطابق درآمدات پر عائد ہونے والے محصولات اور ٹیکسوں کی ادائیگی کی ذمہ داری کو مناسب طور پر پورا کرنے کی ضمانت فراہم کی جا سکے۔ ان چیکس کی میعاد ختم ہونے کی تاریخیں 2 اکتوبر 2026ء تک ہیں۔

		غیر آڈٹ شدہ اختتام سہ ماہی	
		31مارچ2026ء	31مارچ2025ء
		----------(ہزار روپے)----------	
12	آپریشنز سے حاصل کی گئی/استعمال میں رقم		
	آمدنی پر ٹیکس سے قبل منافع	1,576,447	5,573,702
	غیر نقد اخراجات اور دیگر مدات کے لیے ایڈجسٹمنٹ:		
	مدت کے دوران آپریٹنگ اثاثوں پر فرسودگی کا خرچ	549,897	544,462
	مدت کے دوران استعمال کے حق کے اثاثوں پر فرسودگی کا خرچ	191,213	270,002
	مدت کے دوران امورٹائزیشن چارجز	186,985	192,075
	آپریٹنگ اثاثوں کی فروخت پر نقصان /(نفع)	(13,289)	43,348
	اثاثوں کی ریٹائرمنٹ کی ذمہ داری پر اضافی مجموعی خرچ	8,648	7,382
	متروک اور کم فروخت ہونے والے اسٹاک کے لیے (استرداد)/فراہمی	(66,979)	(271,710)
	تجارتی قرضوں کے ضرر کے لیے (استرداد)/فراہمی	3,520	6,432
	دیگر قابلِ وصول رقوم کی قدر میں کمی کے لیے مختص رقم	—	730,054
	معاون کمپنی کے منافع میں حصہ — ٹیکس کے بعد خالص	(566,450)	(395,934)
	طویل مدتی واجبات پر اضافی مجموعی خرچ	41,407	35,575
	طویل مدتی واجبات پر شرحِ مبادلہ میں تبدیلی کا اثر	18,180	(7,239)
	ملازمت کے بعد طبی فوائد کے لیے مختص رقم	—	5,936
	ٹرم ڈپازٹس، سیونگ اکاؤنٹس اور میوچل فنڈز سے آمدنی	(399,226)	(416,504)
	ٹریژری بلز پر سود	—	(22,725)
	لیز واجبات پر سود کا اضافی جمع شدہ خرچ	278,553	379,853
	قرضوں اور جاری مالیاتی سہولت پر مارک اَپ	744	—
	آپریٹنگ اثاثوں کی قدر میں کمی کے لیے مختص رقم — خالص	—	186,964
	جاری سرمائے میں تبدیلیاں	(1,186,060)	3,546,400
		3,075,441	10,408,073

12.1	جاری سرمائے میں تبدیلیاں		
	موجودہ اثاثوں میں کمی /(ضافہ)		
	اسٹاک ان ٹریڈ	(20,772,012)	5,731,470
	تجارتی قرضے	(585,563)	(300,008)
	قرضے اور پیشگی ادائیگیاں	(59,649)	(8,799)
	قلیل مدتی ڈپازٹس اور پیشگی اخراجات	(162,319)	(23,411)
	دیگر قابلِ وصول رقوم	(7,269,901)	1,636,101
	جاری سرمائے میں تبدیلیوں کا خالص اثر	(28,849,444)	7,035,353
	موجودہ واجبات میں اضافہ /(کمی)		
	صارفین سے وصول شدہ پیشگی رقم (معاہداتی واجبات)	(826,798)	
	تجارتی اور دیگر واجب الادا رقوم	33,222,642	(8,221,413)
		3,546,400	(1,186,060)

		غیر آڈٹ شدہ اختتام سہ ماہی	
		31مارچ2026ء	31مارچ2025ء
		----------(ہزار روپے)----------	
12.2	نقد اور اس کے مساوی نقدی		
	بینک بیلنس	12,489,852	13,916,214
	ٹرم ڈپازٹس کی وصولیاں	8,000,000	1,062,519
		0,489,852	14,978,733

13 متعلقہ فریقوں کے لین دین

کمپنی کے متعلقہ فریقوں میں پیرنٹ کمپنی، مشترکہ ڈائریکٹر شپ رکھنے والی کمپنیاں، معاون کمپنی، ملازمین کے ریٹائرمنٹ فنڈز، ڈائریکٹرز اور کلیدی انتظامی عہدیداران شامل ہیں۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ تمام لین دین معمول کے کاروباری امور کے دوران باہمی طور پر طے شدہ شرائط پر کیے جاتے ہیں، جن کی منظوری کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے دی جاتی ہے۔ متعلقہ فریقوں کے ساتھ کیے گئے لین دین کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

تعلق کی نوعیت	لین دین کی نوعیت	نوٹ	31مارچ2026ء	غیر آڈٹ شدہ سہ ماہی کے اختتام پر 31مارچ2025ء
			----------(ہزار روپے)--------	
معاون	پائپ لائن کے چارجز		242,222	142,421
	دیگر		12,684	7,387
عملے کی ریٹائرمنٹ فنڈز				
معین فوائد پنشن فنڈز	اشتراک		3,134	2,987
معین اشتراک پنشن فنڈز	اشتراک		52,506	40,367
معین فوائد گریجویٹی فنڈز	اشتراک		1,119	905
پراویڈنٹ فنڈ	اشتراک		22,141	18,069
کلیدی انتظامی افراد	تنخواہیں اور ملازمت کے دیگر قلیل مدتی فوائد		86,843	24,061
	بعد از ریٹائرمنٹ فوائد		2,487	2,947
	طبی فوائد		605	737
نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز	میٹنگز میں شرکت کی فیس		5,202	3,525
دیگر	خریداریاں		94,684	130,928
	سیلز		46,119	43,206
	بینک چارجز		8,782	73,914
	ٹرم ڈپازٹس اور سیونگ اکاؤنٹس پر سود		10,994	10,787
	عطیات		2,044	
	لیگل چارجز		40	1,298
	ادا کی گئی سبسکرپشن		1,300	1,696

14 مالی انتظامِ خطر، مقاصد اور پالیسیاں

کمپنی کو اپنی سرگرمیوں کے ساتھ مختلف خطرات کا سامنا رہتا ہے۔ ان کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے انتظامِ خطر کی ان تمام معلومات اور انکشافات کا اظہار نہیں کیا گیا ہے جو سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے لیے درکار ہوتے ہیں اور جنھیں 31 دسمبر 2025ء کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ گوشواروں کے ساتھ ملا کر پڑھنا ضروری ہے۔ سال کے اختتام سے اب تک کسی بھی انتظامِ خطر کی پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔

15 آپریٹنگ زمرے

یہ کنڈینسڈ عبوری مالی گوشوارے واحد قابلِ اطلاع زمرے کی بنیاد پر تیار کیے گئے ہیں۔

کمپنی کی تمام فروخت پیٹرولیم مصنوعات، بشمول لبریکنٹ آئلز سے متعلق ہے۔

دورانِ مدت 31 مارچ 2026ء کے اختتام پر پاکستان میں صارفین کو کمپنی کی تمام سیلز 100 فیصد تھی (31 مارچ 2025ء: 100 فیصد)

31 مارچ 2026ء اور 2025ء تک کمپنی کے تمام نان کرنٹ اثاثے پاکستان میں واقع ہیں۔

دورانِ مدت 31 مارچ 2026ء کے اختتام پر بیس اہم صارفین کو سیلز تقریباً 18 فیصد تھی (31 مارچ 2025ء: 17 فیصد)۔

متعلقہ اعداد و شمار

16 عمومی

16.1 اعداد و شمار کو قریبی ہزار کے ساتھ راؤنڈ آف کیا گیا ہے، جب تک کہ دوسری صورت میں بیان نہ کیا گیا ہو۔

16.2 موازنے کے مقاصد کے لیے اور لین دین کی نوعیت کو ظاہر کرنے کے لیے، متعلقہ اعداد و شمار کو جہاں ضروری سمجھا گیا، دوبارہ ترتیب دیا گیا اور دوبارہ درجہ بند کیا گیا ہے۔ تاہم، رپورٹ کرنے کے لیے کوئی دوبارہ مادی درجہ بندی نہیں کی گئی۔

17 تاریخِ منظوری

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے ان جامع عبوری مالی گوشواروں کے 29 اپریل 2026ء کو اجرا کی منظوری دی گئی۔

ضرار محمود	**زبیر شیخ**	**عمران آر ابراہیم**
چیف فنانشل آفیسر	چیف ایگزیکٹو	ڈائریکٹر

شیئر ہولڈنگ کا نمونہ

یکم جنوری تا 31 مارچ 2025ء کے دوران

سی ڈی سی کے ذریعے ایگزیکٹوز کی جانب سے حصص میں تجارت

نام	عہدہ	لین دین کی تاریخ	حصص کی تعداد	لین دین کی نوعیت	شرح
سیف سلمان	ایگزیکٹو	26 جنوری 2026ء	200	خریدے گئے	247.63
شہریار خالد	ایگزیکٹو	03 مارچ 2026ء	270	خریدے گئے	190.60
شہریار خالد	ایگزیکٹو	12 مارچ 2026ء	135	خریدے گئے	183.00

Wafi Energy Pakistan Limited
(formerly Shell Pakistan Limited)
6 Ch. Khaliquzzaman Road. Karachi-
75530
www.wafi-energy.com

